# ۳۔ مَسکَن اپنا اپنا



### بتاؤ تو بھلا!



- بلّی کس کے تاک میں بیٹھی ہے؟
- کوّے کیوں گھبرا رہے ہیں؟ وہ بلّی کو کیوں بھگا رہے ہیں؟

---

### بتاؤ تو بھلا!

- پرندے گھونسلے بنانے کے لیے کیا کیا استعمال کرتے ہیں؟
- کون کون سے جانور بل میں رہتے ہیں؟
- پالتو مرغیاں کہاں رہتی ہیں؟ ان کے رہنے کا انتظام کون کرتا ہے؟

---

## گھر کی ضرورت کیوں ہوتی ہے؟



کڑاکے کی سردی، تیز ہوائیں، تپتی دھوپ، موسلا دھار بارش کی وجہ سے ہمیں تکلیف ہوتی ہے۔ ان سے بچنے کے لیے ہم گھر میں رہتے ہیں۔ گھر کی وجہ سے چوری کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔

کچھ لوگ جنگل سے بالکل قریب رہتے ہیں۔ ان کو جنگلی جانوروں کا بھی ڈر رہتا ہے۔ گھر کی وجہ سے وہ ڈر بھی کم ہو جاتا ہے۔

کیا ہماری طرح جانوروں کو بھی گھر کی ضرورت ہوتی ہے؟

کچھ جانوروں کو گھر کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ جانور خود کے لیے مسکن تیار کرتے ہیں اور کچھ جانور ماحول میں محفوظ جگہ مسکن ڈھونڈتے ہیں۔

- **نیا لفظ سیکھو!**

**مَسکَن** - گھر، خطرے سے بچاؤ کے لیے محفوظ جگہ۔ ایسا آسرا جس کے ذریعہ دھوپ، ہوا، بارش سے بچا جا سکے۔

## خود کے لیے مَسکَن بنانے والے جانور




پرندوں کے گھونسلے تم نے دیکھے ہوں گے۔ گھونسلا پرندوں کے ذریعہ خود کے لیے بنایا ہوا مسکن ہی ہے۔

پرندوں کو انڈے کھانے والے مختلف جانوروں کا ڈر ہوتا ہے۔ اس لیے انڈے دینے کے لیے انھیں محفوظ جگہ کی ضرورت ہوتی ہے۔



انڈوں میں سے بچّے نکلتے ہیں۔ بچوں کو کھانے والے جانور بھی ہوتے ہیں۔ خود کی حفاظت کرنے کی طاقت بچوں میں نہیں ہوتی۔ گھونسلے کی وجہ سے بچوں کی حفاظت ہوتی ہے۔ اس لیے پرندے گھونسلے بناتے ہیں۔ گھونسلا بنانے کے لیے پرندے گھاس پھوس اور تنکوں کا استعمال کرتے ہیں۔ کپاس، ڈور یا ستلی کے ٹکڑے بھی استعمال کرتے ہیں۔ اس لیے گھونسلے اندر سے نرم اور گرم ہوتے ہیں۔




تمام پرندوں کے گھونسلے ایک جیسے نہیں ہوتے۔

گھونسلوں کے لیے پرندے مناسب جگہ چنتے ہیں۔ بیا نامی پرندے کو تو دیکھو! گھونسلے کے لیے پانی کے قریب کانٹے دار درخت پسند کرتا ہے۔ درخت کی کچھ شاخیں پانی پر جھکی ہوئی ہوتی ہیں۔ ان میں اونچی شاخ پر بیا کا گھونسلا ہوتا ہے۔ انڈے کھانے والے جانوروں کو وہاں جانا مشکل ہوتا ہے۔



درزی پرندہ، چڑیا (گوریّا) سے چھوٹا ہوتا ہے۔ وہ گھونسلے کے لیے بڑے پتے والی جھاڑی کا انتخاب کرتا ہے۔ جھاڑی کے قریب قریب کے پتّوں کو سی کر وہ گھونسلا بناتا ہے۔ سینے کے لیے وہ دھاگے کی جگہ باریک بیل کا استعمال کرتا ہے۔ وہ چھوٹا سا گھونسلا اس چھوٹے پرندے کے لیے کافی ہوتا ہے۔



کچھ کیڑے بھی اپنے مسکن خود تیار کرتے ہیں۔ شہد کی مکھیاں درختوں پر یا پہاڑوں کی کگاروں کے نیچے بنے چھتوں پر چھتّا بناتی ہیں۔



گھونس، چوہے کھیتوں میں زمین کے نیچے رہتے ہیں۔ رہنے کے لیے وہ زمین کھود کر بل بناتے ہیں۔

گھونس اور چوہے انسانوں کی بستی میں بھی رہتے ہیں۔ گھروں کے اندر ہی دیواروں یا زمین کے نیچے بل بناتے ہیں، لیکن اکثر وہ مٹی سے بنے ہوئے مکانوں میں اپنا مسکن بناتے ہیں۔ سیمنٹ کے ذریعے بنائے گئے گھروں میں وہ نہیں آتے۔ کیوں کہ وہ سیمنٹ کے گھروں کو کھود نہیں پاتے۔

## • ماحول میں بنا بنایا مسکن ڈھونڈنے والے جانور



کچھ جانور مسکن کے لیے اپنے طور پر کوشش نہیں کرتے۔ وہ ماحول ہی میں مناسب جگہ کا انتخاب مسکن کے لیے کرتے ہیں۔ کچھ کبوتر اور فاختہ جنگلوں میں رہتے ہیں۔ اونچی ڈھلواں چٹانوں کے چھوٹے چھوٹے شگافوں میں رہتے ہیں۔ کچھ تو انسانوں کی بستی کے پاس ہی رہتے ہیں اور دیوار کے سوراخوں میں مسکن بناتے ہیں۔

شیر، چیتا، لکڑ بگھا پہاڑوں کے غاروں میں رہتے ہیں۔

چند قسم کی چمگادڑیں اونچے درختوں پر رہتی ہیں لیکن کچھ چمگادڑیں پہاڑوں کے اندھیرے غاروں میں رہتی ہیں۔ کبھی کبھی وہ پرانی سنسان عمارتوں میں بھی رہتی ہیں۔










### کیا تمھیں معلوم ہے؟

• کہتے ہیں کہ سانپ چیونٹی کے گھر میں رہتا ہے۔ لیکن یہ سچ نہیں ہے۔ چیونٹیاں گھر بناتی ہیں۔ سانپ گھر نہیں بناتا۔ سانپ بل میں رہتا ہے۔

## • پالتو جانوروں کا مَسکن

کچھ لوگ جانور پالتے ہیں۔

وہ پالتو جانوروں کے لیے مسکن بناتے ہیں۔



گائے کے لیے کوٹھا بناتے ہیں۔



مرغیوں کے مسکن کو ڈربہ کہتے ہیں۔



گھوڑوں کے مسکن کو اصطبل کہتے ہیں۔



### ہم نے کیا سیکھا

* ٹھنڈ، ہوا، دھوپ، بارش سے بچنے کے لیے جانوروں کو مسکن کی ضرورت ہوتی ہے۔
* کچھ جانور خود مسکن تیار کرتے ہیں۔
* کچھ جانور ماحول میں موجود تیار مسکن ڈھونڈتے ہیں۔
* ہم کچھ جانوروں کو پالتے ہیں اور ان پالتو جانوروں کے لیے مسکن بناتے ہیں۔



### اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

کیا شوق کی خاطر جانوروں کو پنجروں میں رکھنا درست ہے؟

جانوروں کو ان کے فطری ماحول میں زندہ رہنے دیں۔



### مشق

### الف) کیا کریں گے بھلا؟

آج کل کئی شہروں میں پرندوں کی تعداد کم ہوتی جا رہی ہے۔ اس کی کیا وجہ ہوسکتی ہے؟ ان کی تعداد میں اضافہ ہونا چاہیے۔


## ب) آؤ دماغ پر زور دیں!

(۱) چیونٹیاں کس چیز سے اپنا گھر بناتی ہیں؟

(۲) یہ کیوں کہا جاتا ہے کہ بچھو پتھر کے نیچے ملتا ہے؟

(۳) کچھ کبوتر اور فاختہ جنگل چھوڑ کر انسانوں کی بستی کے قریب رہنے کے لیے آ ئے۔ کچھ چوہے بھی انسانوں کی بستی کے قریب رہنے لگے۔ اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

(۴) نیچے دی ہوئی تصویر دیکھ کر جانور اور ان کے مسکن کی جوڑیاں لگاؤ:



## ج) خالی جگہ پُر کرو:

۱) تمام پرندوں کے گھونسلے ............ نہیں ہوتے۔

۲) ............نامی پرندہ چڑیا سے چھوٹا ہوتا ہے۔

۳) کچھ جانور مسکن کے لیے اپنے طور پر ............ نہیں کرتے۔

۴) شیر، چیتا، ............ پہاڑوں کے غاروں میں رہتے ہیں۔

۵) گھوڑے کے مسکن کو ............ کہتے ہیں۔

J8BG16

## د) نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو:

(۱) درزی چڑیا پتوں کو سینے کے لیے کس چیز کا استعمال کرتی ہے؟

(۲) انڈے کھانے والے جانوروں کو بیا کے گھونسلے میں جانا کیوں مشکل ہوتا ہے؟

(۳) پرندے گھونسلوں کو نرم اور گرم کس طرح بناتے ہیں؟

(۴) سیمنٹ سے بنے ہوئے گھروں میں چوہے اور گھونس آسانی سے کیوں نہیں آتے؟

(۵) اندھیرے غاروں میں رہنے والی چمگادڑیں اور کہاں اپنا مسکن بناتی ہیں؟

***